# سوال

لعنت کی گئی عورتیں

# جواب

سوال : اسی کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : " میری امت کے آخر میں کچھ عورتیں ایسی ہونگی جو لباس پہننے والی ننگی عورتیں جو خود مائل ہونے والی اور دوسروں کو مائل کرنے والی، ان کے سر بختی اونٹوں کی مائل کوہانوں کی طرح ہونگے یہ لعنتی عورتیں ہیں "

جواب : اسکا کیا مطلب ہے ؟ مطلب جو عورتیں ایسے تریکے سے اپنا ہیر سٹیل بناتے ہیں تو انھی بھی لعنت کی گی ہے۔ محدثین کے ہاں اس کی معروف تفسیر یہی ہے کہ جو عورتیں اپنے سروں پر دوپٹا یا کوئی اور کپڑا ایسے باندھ لیتی ہیں جیسے وہ اونٹ کا کوہان محسوس ہو تو یہ ممنوع ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

*وَأَمَّا (رُءُوسهنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخت) فَمَعْنَاهُ : يُعَظِّمْنَ رُءُوسهنَّ بِالْخُمُرِ وَالْعَمَائِمِ وَغَيْرِهَا مِمَّا يُلَفّ عَلَى الرَّأْس , حَتَّى تُشْبِهَ أَسْنِمَةَ الْإِبِلِ الْبُخْت , هَذَا هُوَ الْمَشْهُورُ فِي تَفْسِيره , قَالَ الْمَازِرِيّ : وَيَجُوزُ أَنْ يَكُون مَعْنَاهُ يَطْمَحْنَ إِلَى الرِّجَال وَلَا يَغْضُضْنَ عَنْهُمْ , وَلَا يُنَكِّسْنَ رُءُوسهنَّ ...." شرح النووي على صحيح مسلم 17/191 . باختصار*

**۲.** اور دوسری ایک حدیث مے ہے کے جو عورت مسجد جاتے وقت کوئی خوشبو استمال کرے تو اسکے لئے حرام ہے تو کیا گھر مے ہم استمال کر سکتے ہیں ؟

جی ہاں! اگر گھر میں صرف محرم افراد موجود ہوں تو کر سکتے ہیں۔

**۳.** اور کپڑے پہننے سے مطلق یہ پوچھنا تھا کے کیا عورتیں جینس فروکس کے ساتھ پھن سکتی ہیں کیوں کے جینس بھی مغربی لوگ پہنتے ہیں اور مرد بھی پہنتے ہیں تو اگر کوئی لڑکی جینس پہنے تو اسکے لئے کیا حکم ہوگا ؟

جینز کا لباس عموما تنگ اور ٹائٹ لباس ہوتا ہے جس میں جسم کے نشیب و فراز ظاہر ہوتے ہیں لہذا اس کا پہننا مردوں اور عورتوں دونوں کے لیے درست نہیں ہے۔

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث